سوال

(193) دن اور رات میں تین وقت یعنی وقت طلوع آفتاب الخ

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

دن اور رات میں تین وقت یعنی وقت طلوع آفتاب اور وقت غروب آفتاب اور ٹھیک دوپہر میں سجدہ و صلوۃ کرنی کیوں منع اور حرام ہوا اور حدیث شریف میں لانھا تطلع بین قرنی الشیطان ۔ اس کی تشریح کیا ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

صحیح بات یہ ہے کہ ان اوقات میں سجدہ کرنے کی قباحت پیغمبر علیہ السلام کو روحانی طور پر معلوم ہوئی ہے جو ظاہری آنکھوں سے نہیں دیکھی جاتی نہ بیان کی جاتی ہے نہ سمجھ میں آتی ہے ۔ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰہِ وَرُسُلِہٖ ۔ (فتاویٰ ثنائیہ جلد اول ص ۴۴۸)

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 04 ص 274

محدث فتویٰ